© rasailojaraid.com

# تبصرۂ کتب

ادارہ

**ہدایۃ الممتری عن غوایۃ المفتری** از مولانا عبدالغنی خان پٹیالوی رحمۃ اللہ علیہ صفحات ۲۳۸
قیمت غیر مجلد ۱۲ روپے مجلد ۱۸ روپے ناشر مجلس تحفظ ختم نبوت تغلق روڈ ملتان

علماء امت نے قادیانیت کے کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا، پاکستان میں مجلس تحفظ ختم نبوت اس فتنہ ضالہ کے علمی تعاقب میں اکابر علماء کے اہم تصانیف کو شائع کرتی رہی ہے۔ مگر پیش نظر کتاب کی خصوصیت اسلامی اور قادیانی عقائد کا وہ تقابلی انداز ہے جو صفحہ کے دو کالموں میں نمایاں کیا گیا ہے اور اس طرح قادیانیوں کے غیر اسلامی کفریات وخرافات کا پورا مکمل خاکہ سامنے آگیا ہے جس سے قادیانیوں کے اسلام سے کسی بھی مقام پر خروج وانحراف واضح طور پر سامنے آجاتی ہے۔ قادیانی آج کل حیات مسیح اور ختم نبوت کے مسائل پر طرح طرح کے شبہات ووساوس اٹھاکر نوجوان نسل کو ورغلانے میں مصروف ہیں۔ ہمارے مدارس کے اکثر علماء وفضلاء بھی ان مسائل میں پوری درک نہ رکھنے کی وجہ سے قادیانی وساوس کا جواب دینے سے قاصر رہتے ہیں پیش نظر کتاب میں نہایت علمی انداز میں قادیانیت سے متعلق گویا پورا اسلامی علم کلام آگیا ہے کوئی اس کا مطالعہ کرکے قادیانی وساوس اور وسیسہ کاریوں سے پوری طرح باخبر ہوسکتا ہے اور مناسب ہے کہ اس کتاب کو عربی مدارس کے مطالعاتی نصاب میں شامل کیا جائے خدا تعالیٰ مجلس تحفظ ختم نبوت کے ان مساعی جمیلہ کو زیادہ سے زیادہ بارآور بنا دے۔

**الرشید مدنی رحمۃ اللہ علیہ و اقبال نمبر** ادارات مولانا فاضل حبیب اللہ رشیدی صفحات ۴۷۲ قیمت ۲۰/ روپے

جامعہ رشیدیہ ساہیوال کا ماہنامہ الرشید دارالعلوم دیوبند کے بارہ میں اپنے عظیم الشان خصوصی اشاعت کی وجہ سے شہرت دوام حاصل کرچکا ہے پیش نظر خصوصی اشاعت بھی نقش اوّل سے کم نہیں کچھ اقبالی مجرم اپنے خبث باطن کا مظاہرہ جا و بے جا حضرت اقدس مولانا حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے بارہ میں اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی ایک رباعی کو اچھال اچھال کر کرتے رہتے ہیں جب کہ مرحوم اقبال خود اس پر تائب ونادم ہوچکے تھے الرشید نے پیش نظر ضخیم شمارہ میں اس موضوع پر نہایت تحقیقی اور مستند مواد فراہم کرکے پوری امت اور علماءِ حق کیطرف سے فرض کفایہ ادا کردیا ہے تاریخ کے ہر طالب علم کو عموماً اور مدارس عربیہ سے وابستہ افراد کو خصوصاً اس نمبر کا تفصیلی مطالعہ کرنا چاہیئے۔



© rasailojaraid.com